## سوال

قربانی کے گوشت میں سے کتنا گھر میں رکھ سکتے ہیں ؟

## جواب

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

قربانی کے گوشت کے بارے میں رسول اللہ ﷺ کا فرمان ہے :

فَكُلُوا، وَادَّخِرُوا، وَتَصَدَّقُوا (مسلم : 1971)

تم (قربانی کا گوشت) خود بھی کھاؤ، ذخیرہ بھی کر سکتے ہو، اور صدقہ بھی کرو۔

مذکورہ حدیث سے پتہ چلتا ہے کہ انسان قربانی کا گوشت جتنا عرصہ چاہے فریز کر کے رکھ سکتا ہے۔

لیکن یہ بات ذہن نشین رہے کہ قربانی کے گوشت میں سے صدقہ ضرور کرنا چاہیے۔ صدقہ کرنے کے بعد باقی ماندہ گوشت فریز کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

ارشادِ باری تعالیٰ ہے :

فَإِذَا وَجَبَتْ جُنُوبُهَا فَكُلُوا مِنْهَا وَأَطْعِمُوا الْقَانِعَ وَالْمُعْتَرَّ ۚ كَذَٰلِكَ سَخَّرْنَاهَا لَكُمْ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ (الحج : 36)

پھر جب (قربانی کے بڑے جانور) کے پہلو گر پڑیں تو ان سے کچھ کھاؤ اور قناعت کرنے والے کو کھلاؤ اور مانگنے والے کو بھی۔ اسی طرح ہم نے انہیں تمہارے لیے مسخر کر دیا، تاکہ تم شکر کرو۔

واللہ أعلم بالصواب

محدث فتویٰ کمیٹی

دار الافتاء محدث